انس اس جگہ پہنچا جہاں اس نے ماہی کو رکھا تھا دو آدمی باہر بیٹھے تھے کیا صورتحال ہے بوس لڑکی بہت چیخ رہی ہے اچھا ہوش میں اگئی جو بوس تم میں سے کسی نے ہاتھ تو نہیں لگایا نہیں بوس اپ جہاں اس کو بیٹھا کر گیے تھے وہی ہے ہم میں سے کوئی اندر نہیں گیا گڈ۔۔۔۔۔۔۔

تم سے کوئی اندر نا ائے جب تک میں نا کہو یہ میرا فون بھی رکھ لو انس چلتا ہوا اندر گیا کون ہو تم کیوں لائے ہو مجھے یہاں دروازے کی اواز سن کر ماہی زور زور سے چلائی اندھیرے کی وجہ سے اس کو کچھ نظر نہیں ا رہا تھا

انس چلتا ہوا ماہی کے پاس اگیا پلیز مجھے جانے دو کیا بگاڑا ہے میں نے تمھارا انس اس ہاتھوں سے رسی کھول رہا تھا رسی کھلتے ہی ماہی ایک دم کھڑی ہو گئی

کون ہو تم کیوں لائے ہو مجھے یہاں پلیز مجھے جانے دو ماہی عروسی جوڑے میں دلہن بنی انس کے دل کو اور بھی بے ایمان کر رہی تھی

تمھیں جاننا ہے میں کون ہو ماہی کو یہ اواز جانی پہچانی سے لگی

انس نے اپنی جیب سے لائٹر نکال کر چلایا جس میں انس اور ماہی کا چہرا صاف نظر اگیا

انس بھائی۔۔۔۔۔۔ماہی کے منہ سے ادھورے الفاظ نکلے

جی پرنسس میں تمھاراانس

تمہیں پتہ ہے میں تم سے کتنی محبت کرتا ہو پر تم نے کبھی میری طرف دیکھا ہی نہیں کتنی کوشش کی

تمھیں اپنا بنانے کی پر تم اس ارتضا کی بن گئ

اج میں تمھیں اپنا بنالو گا پھیر تم ہمیشہ کے لیے میری ہو جاوگئ تمھیں ارتضا پسند نہیں ہے نا مجھے پتہ ہے

تمھاری اس سے بھی جان چھوٹ جاۓ گی

پلیز انس بھائی مجھے جانے دے سب میرا انتظار کررہے ہوگئے چلی جانا جانمن میں تم کو خود لے کر جاو گا

بس کچھ وقت میرے ساتھ گزار لو کچھ پل میرے نام کر دو

میں ساری زندگی تمھیں انکھوں میں بیٹھا کر رکھو گا

انس چلتا ہو اماہی کے قریب جانے لگا

میرے پاس مت اۓ اپکو اللہ کا واسطہ ہے انس چلتا ہو اماہی کے قریب چلا گیا

اور اسکو پکڑ کر اپنے سینے سے لگا لیا ماہی شور مچاتی رہی پر انس نے ایک نا سنی اس کو اٹھا کر دوسرے کمرے

میں لے گیا

دانیال اور ارتضا انس کے پیچھے اس جگہ پر پہنچ گے انس کی گاڑی دیکھ کر دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا

Urdu Novels Ghar

اندر دو آدمی کھڑے تھے کس سے ملنا ہے اپکو انس کہاں ہے ارتضا نے پوچھا اور اندر جانے لگے اپ اندر نہیں جاسکتے ادمی نے ارتضا کا راستہ روکا

انس ماہی کو دوسرے کمرے میں لے ایا جس کو پھولوں سے سجایا گیا تھا ماہی اس کے گرفت میں زور زور سے چلانے لگی پر انس سے اس پر اپنی گرفت سخت کر لی

****

فردوس بیگم بھی بیٹی کے غم میں نہال ہو گی سعدیہ اور عائشہ انھیں سنبھال رہی تھی پتہ نہیں کس کی نظر لگ گی ہمارے گھر کو

بھابھی میری بیٹی بلکل بے قصور ہے ضرور اس کے ساتھ کو حادثہ پیش ایا ہے مجھے پتہ ہے فردوس ماہی ایسی بچی نہیں ہے اللہ پاک اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے امین ارتضا اور دانیال گئے ہے اس کو ڈھونڈ نے جلدی مل جائے گی

دانیال اور ارتضا دونوں آدمیوں کو مارتے ہوئے اندر کی طرف بڑھے

انس نے ماہی کو لا کر بیڈ پر پھینکا پلیز انس بھائی مجھے جانے دے اس کا دوپٹہ اتار کر ایک سائیڈ پر پھینک دیا اس کی طرف جھکنے لگا ماہی زور زور سے چلانے لگی

ارتضا اور دانیال ابھی اندر ائے ہی تھے ماہی کے چلانے کی اواز سن کر اس طرف بھاگے

ارتضا نے ایک دم ٹانگ مار کر دروازہ کھلا تو انس ماہی کی طرف جھکنے ہی والا تھا ایک دم سیدھا ہوا

ارتضا اور دانیال غصے سے اگے بڑھے اور انس کو مارنے لگے ماہی ان کو دیکھ کر سکون میں ائی اور ایک کونے میں سمٹ کر بیٹھ گئی

ارتضا چلتا ہوا ماہی کے پاس ایا ماہی کی بازو سے کپڑا اسے ہوا تھا ارتضا نے اپنی شیر وانی اتار کر ماہی کو پہنائی اور اپنی بانہوں میں لے لیا ماہی کو بھی پہلی بار ارتضا کی بانہوں میں بہت سکون ملا اور وہ روتی روتی بے ہوش ہو گئی

دانیال نے انس کو مار مار کر خون نکال دیا انس کے منہ اور ناک سے بہت زیادہ خون نکل رہا تھا زیادہ مارنے کی وجہ سے انس بے ہوش ہو گیا

دانیال اور ارتضا اس کو وہی چھوڑ کر ماہی کو لے کر چلے گیے

انس کو جب ہوش ایا خود کو خون میں لتھ پتھ پایا نہیں ارتضا تم پھیر مجھ سے جیت نہیں سکتے اٹھ کر دراز سے گن نکالی اور باہر کی طرف چلا گیا

ارتضا ماہی کو گاڑی میں بیٹھا کر مڑا ہی تھا کہ انس نے پیچھے سے اواز لگائی ارتضا۔۔۔۔۔۔

ارتضانے پیچھے مڑ کر دیکھا تو انس نے گولی چلادی گولی سیدھا ارتضا کے سینے میں لگی

دانیل نے اگے بڑھ کر انس کے سر پر ڈھنڈ مارا جس سے انس زمین پر گر گیا

دانیال ارتضا اور ماہی کو لے کر ہسپتال چلا گیا

دانیال ماہی اور ارتضا کو ہسپتال لے گیا گھر والوں کو بتادیا کچھ دیر میں سب گھر والے بھی پہنچ گے

کیا ہوا ارتضا ماہی کو دانیال نے سب کو سب کچھ بتادیا

سب گھر والے صدمے میں اگے عائشہ کو تو اپنے گھر والوں سے بہت شرمندگی ہوئی حنان کا بھی کچھ ایسا ہی حال تھا

ڈاکٹر دونوں کو اندر لے گے کچھ دیر بعد ڈاکٹر باہر ائیں سعدیہ بیگم جلدی سے اگے بڑھی کیسے ہے میرے بچے ارتضا تو ٹھیک ہے گولی صرف چھو کر گزری تھی کچھ دیر میں ہوش میں اجائے گیے

اور ڈاکٹر صاحب ماہی مسز شاہ کا نروس بریک ڈاون ہوا ہے ابھی کچھ نہیں کہہ سکتے اگر انھیں چوبیس گھنٹے میں ہوش نا ایا تو کومہ میں جاسکتی ہے

سب گھر والے سکتے میں اگے کچھ دیر میں ارتضا کو ہوش اگیا اور اس کو روم میں شفٹ کر دیا گیا

ارتضانے ہوش میں اتے ہی ماہی کا پوچھا جو سن کر سب خاموش ہو گئے میں کچھ پوچھ رہا ہو ماہی کہا ہے

ٹھیک ہے ماہی سعدیہ بیگم بولی مجھے ملنا ہے اس سے ارتضا بیڈ سے اترا اپنی ڈرپ اتار کر باہر کی طرف چلا گیا

سب اس کے پیچھے باہر کی طرف گیے ارتضا ایمر جنسی کی میں گیا جہاں ماہی کو رکھا گیا تھا

کیا ہوا ہے انہیں اندر ایک نرس تھی جس سے ارتضا نے پوچھا اپ کون یہ میری بیوی ہے کیا ہوا ہے

انھیں انکا نروس بریک ڈاون ہوا ہے ان کی حالت سیریس ہے اگر انھیں ہوش نا ایا تو یہ کومہ میں بھی جا سکتی ہے

ارتضا کے یہ سنتے ہی پیروں تلے زمین نکل گئ نہیں ایسا نہیں ہو سکتا ماہی کے پاس جا کر اس کو جھنجھوڑ نے لگا

ماہی پلیز ایسا نا کرو اٹھ جاو

سر یہ اپ کیا کر رہے ہے انھیں تکلیف ہو گی چھوڑے انھیں دانیال ارتضا کو پکڑ تا ہوا باہر لے گیا

مما یہ سب کیا ہو گیا پہلے دادا جان اور اب ماہی اس کو کہے نا اٹھ جائے

بیٹا ٹھیک ہو جائے گا سب تم بس دعا کرو سعدیہ بیگم اپنے بیٹے کو سنھبال رہی

خود کو سنھبالو ارتضا سب ٹھیک ہو جائے گا

اور وہ اٹھ کر ہسپتال میں مقیم مسجد میں چلا گیا

اور وضو کر کے سجدے میں جا کر اپنے رب کے حضور دعا کرنے لگا

رات سے دن ہو گیا پر ماہی کو ہوش نا ایا

وجاہت شاہ کو ہسپتال سے چھٹی ہو گئی رضوان اور سعدیہ بیگم ان کو گھر لے گے

ارتضا ابھی تک مسجد میں ہی تھا کچھ دیر میں دانیال ایا ارتضا اٹھو ماہی کو ہوش اگیا ہے جس کو سن کر ارتضا کی رکی سانس بحال ہو گئی

اور باہر کی طرف بھاگے سب گھر والے بہت خوش تھے ماہی کو روم میں شفٹ کر دیا گیا سب اس سے ملنے روم میں گیے ماہی فردوس بیگم کے گلے لگ کر بہت روئی بس بیٹا چپ ہو جاو ہم سب پاس ہے تمھارے کچھ نہیں ہو گا

عائشہ اپ کے بیٹے نے مجھے کہی منہ دیکھنے کا نہیں چھوڑا میں اج شام کی فلائٹ سے واپس جا رہا ہو جب ابا جی کی طبیعت ٹھیک ہو گی اپ اور ندا بھی اجانا

پر اپ ایسے اچانک کیوں جا رہے میں گھر میں سب کو کیا کہوں گی میری ہمت نہیں ہے سب کا سامنا کرنے کی پلیز

ماہی بار بار دروازے کی طرف دیکھ رہی تھی اس کی نظریں صرف ارتضا کو ڈھونڈ رہی تھی ارتضا باہر کھڑا تھا پر اندر جانے کی ہمت نہیں ہو رہی تھی

ارتضا بیٹا باہر کیوں کھڑے ہو جاو اندر

پاپا میری اندر جانے کی ہمت نہیں ہو رہی کیا سوچ رہی ہو گی منہل کہ میں اس کی حفاظت نہیں کر پایا اس کا سامنا کرنے کی ہمت نہیں ہے

بیٹا تم نے ہی تو اس کی حفاظت کی ہے اور ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے میری بیٹی بہت اچھی ہے کچھ نہیں کہتی تمھیں لوگ کیا کہے گے اتنا بڑا ابزنس مین اپنی بیگم سے ڈرتا ہے وہ دونوں مسکرانے لگے

چلو اندر تم میں اباجی کے پاس گھر جا رہا ہوا انھیں کسی چیز کی ضرورت نا ہو

ارتضا نے اندر قدم رکھا تو اندر مریم ماہم احمد اور فردوس بیگم تھی اس کو دیکھ کر سب باری باری باہر چلے گئے کمرے میں بس ارتضا اور ماہی تھے

ارتضا چلتا ہوا ماہی کے پاس اکر بیٹھ گیا کیسی ہو مجھے معاف کردو ماہی میں تمھاری حفاظت نہیں کر سکا اس کا ہاتھ پکڑ کر لیا ماہی کو اپنے ہاتھ پر نمی محسوس ہوئی کیا ہوا ارتضا اج یہ کہی سے پرانے والا ارتضا نہیں لگ رہا تھا جس سے ماہی ڈرتی تھی اگر ہم وقت پر نا پہنچتے تو کیا ہو جاتا میں کبھی خود کو کبھی معاف نہ کرتا

اور وہ دونوں بے اواز رونے لگے ارتضا نے منہل کو اگے

بڑھ کر اپنی بانہوں میں سمالیا پہلی دفعہ ماہی نے کوئی مذمت نا کی اتنی دیر میں مریم اندر اگئ اور وہ الگ ہوئے سوری کیا ایموشنل سین چل رہا ہے

اگلے دن ماہی کو ہسپتال سے چھٹی ہو گئی

لاونج میں سب بیٹھے تھے جب عائشہ ان کے پاس ائی میں اپ سب سے معافی منگتی ہو میرے بیٹے کی وجہ سے اپ سب اتنا پریشان ہوئے مجھے معاف کر دیے اباجی عائشہ کہتی ہوئی وجاہت شاہ کے قدموں میں بیٹھ گئی اپنی بہن کو روتا دیکھ کر دونوں بھائیوں کے دل تڑپ اٹھے عائشہ اس میں تمھاری کوئی غلطی نہیں ہے تم کیوں شرمندہ ہو رہی ہو سعدیہ بیگم اور فردوس بیگم نے عائشہ کو اکر اٹھایا اور گلے لگایا سب بہت خوش ہو گئے

وجاہت شاہ نے سادگی سے رخصتی کا علان کیا کل شام سادگی سے رخصتی طے پائی

بیوٹیشن کو گھر میں ہی بلایا گیا نہیں مما مجھے نہیں تیار ہونا بیٹا تھوڑا سا تیار ہو جاو ایسے اچھا نہیں لگتا مریم اور ماہم بھی اگئ کیا ہو گیا ہے ماہی کیوں تیار نہیں ہو رہی بس یار دل نہیں کر رہا چلو کیوں دل نہیں کر رہا چلو تیار ہو اتنا کہہ کر مریم نے اس کے ہاتھ میں ڈریس پکڑا کر ڈریسنگ روم میں بیج دیا

بیو ٹیشن کی مہارت سے ماہی بہت خوبصورت لگ رہی تھی ریڈ لہنگے جس پر سلور کام تھا ساتھ سلور جیولری میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی مریم اور ماہم اس کی بار بار نظر اتار رہی تھی یار قسم سے تم بہت خوبصورت لگ رہی ہو کاش میں ارتضا بھائی ہوتی تجھے سب سے چھپا لیتی۔۔۔۔۔۔۔

مریم کے اس طرح کہنے پر ماہی شرم سے لال ہو گئی کیوں تنگ کر رہی ہو مریم ماہی کو۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر میں ارتضا اور اس کے گھر والے اگے ماہی کو بھی ارتضا کے ساتھ لا کر بیٹھا دیا گیا ارتضا بلیک سوٹ میں بہت خوبصورت لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

دانیال کی نظر بار بار مریم کی طرف اٹھتی پر وہ جلدی سے اپنی نظروں کا زوایہ چینج کر لیتا۔۔۔۔۔۔

دونوں کی جوڑی بہت خوبصورت لگ رہی تھی سب ان کی نظر اتار رہے تھے اور انکی خوشگوار زندگی کی دعا دے رہے تھے

کچھ دیر میں رخصتی کا وقت ہو گیا منہل سب کی دعاؤں میں رخصت ہو کر ارتضا کے ہمراہ اس کے گھر اگئ چھوٹی چھوٹی رسموں کے بعد ماہی کو ارتضا کے روم میں بیٹھا دیا گیا

کمرے کو بہت اچھی طرح سے سجایا گیا سارا کمرہ پھولوں اور کنڈلز سے سجایا گیا سعدیہ بگیم ماہی کو روم میں بیٹھا کر چلی گئ

ماہی کمرے میں بیٹھی وہ گود میں رکھے اپنے مہندی لگے ہاتھوں کو مسلسل دیکھے جارہی تھی. اتنے میں کمرے کا دروازہ کھلنے کی آواز آئی. اس کے دل کی دھڑکن تیز ہوگئی. ماہی نے سر اٹھا کر دیکھا.

"السلام علیکم!" ارتضا نے کمرے میں داخل ہوتے ہی اسے سلام کیا. "وعلیکم السلام!" اس نے دھڑکتے دل کے ساتھ آہستہ سے جواب دیا.

ارتضا چلتا ہوا ماہی کے پاس ایا اور اس کے پاس اکر بیٹھ گیا

ارتضا نے اپنی جیب سے ایک ڈبیا نکالی جس میں ہیرے کی انگوٹھی موجود تھی جو اس نے منہ دکھائی میں دینے کے لیے خریدی تھی. اس نے ڈبیا سے انگوٹھی نکالی اور پہنانے کے لیے ماہی کا ہاتھ پکڑا. جوں ہی ارتضا نے ماہی کا ہاتھ تھاما تو اسے حیرت کا ایک جھٹکا لگا

. تمھیں تو بہت تیز بخار ہے. "ارتضا نے پریشانی سے کہا.

تم اپنا لباس تبدیل کرلو میں تمھارے لیے دوائی نکالتا ہوں" ارتضا کو واقعی اس کی فکر ہورہی تھی.

منہل ڈریسنگ روم میں گئی، زیورات اتارے، اپنا بھاری بھرکم عروسی لباس تبدیل کیا اور چہرے سے میک اپ صاف کرکے دھلا ہوا شفاف رنگت والا چہرہ لیے کمرے میں آگئی. ارتضا نے اسے بیڈ پر بٹھایا اور بخار کی دوا کھلائی.

"صبح تک آپ بالکل ٹھیک ہو جائیں گی انشاءاللہ "!

ارتضا نے ماہی کے ماتھے پر بوسہ دیا اور اس کو لیٹا دیا جب تک تم تیار نہیں ہو گئی اس رشتے کو اگے بڑھانے کے لیے تب تک میں تمھارے قریب نہیں اوگا جتنا وقت چاہیئے لے لو یہ وعدہ ہے میرا ارتضا اتنا کہتا ہوا بیڈ کی دوسری سائیڈ پر چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماہی کی انکھ صبح فجر کے وقت کھلی ماہی اٹھ کر وشروم میں وضو کیا ماہی کے پاس سے اٹھتے ہی ارتضا کی بھی انکھ کھل گئی ماہی کو نماز پڑھتا دیکھ کر خود بھی اٹھ کر وضو کرنے چلا گیا اور ماہی کے ساتھ ہی جانماز بچالی دونوں نے فجر کی نماز ادا کی

کسی طبیعت ہے اب ارتضا نے ماہی کا بخار چیک کیا جو اب اتر گیا تھا ٹھیک ہو میں اب

صبح فردوس بیگم دانیال حمدان شاہ عائشہ ندا اور سارا سب ناشتہ لے کر رضوان شاہ کے گھر پہنچ گیے یہ کیا فردوس ان سب کی کیا ضرورت تھی ہم کوئی غیر تو ہے نہیں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھابھی کچھ نہیں ہوتا یہ تو بس بہنا ہے ماہی سے ملنے کا کیا بات کرتی ہو فردوس یہ گھر بھی تمھارا ہم کوئی غیر تو نہیں جو تم ایسا کہہ رہی ہو دونوں گلے ملی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھابھی یہ تو رسم ہے سب کرتے ہے عائشہ بولی مامی ارتضا بھائی اور ماہی اٹھے نہیں ابھی بس اٹھ گئے ہے ا رہے ہو گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ماہی ارتضا سے پہلے اٹھ کر تیار ہو گی ہلکا گلابی رنگ کا سوٹ اس کی صاف رنگ پر بہت جچ رہا تھا ارتضا بھی اٹھ کر فریش ہونے چلا گیا جب واپس ایا تو ماہی ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی بالوں میں برش کر رہی تھی ڈوپٹہ اس کا بیڈ پر پڑا تھا ماہی نے جلدی سے اگے بڑھ کر دوپٹہ لیا ارتضا اس کو دیکھ کر مسکریا ماہی نے دوپٹہ اچھے سے سر پر سیٹ کیا اور ارتضا بھی ریڈی ہو گیا دونوں باہر کی طرف چل پڑے باہر جا کر سب کو سلام کیا ماہی باری باری سب سے ملی مما دادا جان نہیں ائے نہیں بیٹا ان کی طبیعت نہیں ٹھیک تھی کہہ رہے تھے ولیمہ پر ملو گا سب نے مل کر ناشتہ کیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حمزہ کی نظر بار بار ندا کی طرف اٹھ رہی تھی ندا بھی حمزہ کی طرف دیکھ رہی تھی سعدیہ بیگم ان دونوں کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ولیمے کا انتظام بہت بڑے پیمانے پر کیا گیا تھا شاہ خاندان کے لاڈلے پوتا پوتی کا ولیمہ تھا بڑے بڑے بزنس مین بھی انویٹڈ تھے میڈیا کو بھی بلا گیا تھا سب کو ارتضا اور ماہی کا انتظار تھا

کچھ دیر میں ارتضا اور منہل اگیے سپاٹ لائٹ میں چلتے دونوں سٹیج کی طرف جارہے تھے دونوں بہت خوبصورت لگ رہے تھے

منہل نے گرے کلر کی میکسی پہنی تھی جس پر سلور کام تھا بیوٹیشن کی مہارت سے وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی

ارتضا نے بھی گرے کلر کا تھری پیس سوٹ پہنا تھا ہاتھ میں مہنگی گھڑی اور بالوں کو جیل سے اچھی طرح سے سیٹ کیے بہت ہینڈ سم لگ رہا تھا

ارتضا کا ایک ہاتھ منہل کے ہاتھ میں اور دوسرا اس کی کمر میں تھا دونوں سٹیج کی طرف جارہے تھے

ہر کسی کی نظر ان پر تھی اج وہ دونوں مکمل لگ رہے تھے سٹیج پر پہنچ کر ماہی باری باری سب سے ملی۔

احمد اور ماہم بھی ایک ساتھ بہت خوبصورت لگ رہے تھے مریم نے لائٹ پنک کلر کا ڈریس پہنا تھا دانیال کی نظر بار بار مریم کی طرف اٹھتی مریم دانیال کی نظریں اپنے اوپر محسوس کر سکتی تھی لیکن نظر انداز کر گئ

حمزہ ندا کو دیکھ کر کھو سا گیا ندا گرین کلر کے ڈریس میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی حمزہ کا دل دھڑ کا رہی تھی اج تو ندا سے اپنے دل کی بات کہہ کر ہی رہو گا

حمزہ چلتا ہوا ندا کے پاس گیا کسی ہو ندا بہت اچھی لگ رہی ہو شکریہ حمزہ بھائی ندا کو حمزہ کو بھائی کہنا صدمے میں لے گیا

یار اج تو بھائی نا کہو کیوں اج کیا ہوا میں تم سے کچھ کہنا چاہتا ہوں جی بولے ابھی حمزہ کچھ کہنے ہی والا ہوتا ہے سارا ندا کو اواز لگا دیتی ہے ندا اپی اپکو ماہی اپی بولا رہی ہے اور ندا وہاں سے چلی جاتی ہے

کرن جب کا انس کا سنا تھا بہت شوکڈ تھی وہ چہا کر بھی اس سے نفرت نہیں کر پا رہی تھی اس کو اج بھی انس کا انتظار تھا

فوٹو گرافر ماہی ور ارتضا کی پیکس بنا رہے تھے جس کو ارتضا تو خوب انجوائے کر رہا تھا پر ماہی کنفیوز ہو رہی تھی

ولیمہ اپنے شاندار اختتام کو پہنچا سب نے بہت انجوائے کیا

انس کو دو دن بعد ہوش ایا سر پر چوٹ لگنے کی وجہ سے اسکو ہوش نہیں ارہا تھا دو دن بعد اس کو ہوش ایا۔۔۔۔۔۔۔۔

ہوش میں اتے ہی اس کو سب یاد انے لگا نہیں یہ نہیں ہو سکتا دانیال اور ارتضا میں تم دونوں کو نہیں چھوڑو گا۔۔۔۔۔

ماہی اپنے روم میں اکر اپنی جیولری اتارنے لگی ارتضا بھی روم میں اگیا ماہی کے چلتے ہاتھ روک گیے

ارتضا چلتا ہوا ماہی کے پاس ایا بہت خوبصورت لگ رہی ہو اج اس کا ہاتھ پکڑ کر چوڑیوں سے کھلنے لگا ارتضا ماہی کے بہت قریب کھڑا تھا

ارتضا مجھے چینج کرنا ہے

ٹیشن نالو جب تک تم راضا مند نہیں ہوگئی تمھارے قریب نہیں اوگا پر اتنا تو حق بنتا ہے نا

ماہی چینج کرنے ڈریسنگ روم میں چلی گئی ارتضا نے بھی فریش ہونے چلا گیا تم ارام کرو میں سٹڈی میں ہو اوفس کا کچھ کام ہے ارتضا اتنا کہتا ہوا اسٹڈی میں چلا گیا اور ماہی بیڈ کی طرف چلی گئی

ماہی لیٹ کر ارتضا کے بارے میں سوچنے لگی ماہی دل سے ارتضا کو پسند کرنے لگی تھی ارتضا اتنے بھی برے نہیں خود ی سوچ کر مسکرانے لگی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ندا اپنے روم میں جاہی رہی تھی جب اس کے فون میں حمزہ کی کال ائی جی حمزہ بھائی پہلے تم بھائی کہنا بند کرو اور باہر لون میں او میں تمھارا ویٹ کر رہا ہو

ندا فون بند کر کے مسکراتے ہوئے لون کی طرف چل پڑی حمزہ باہر کھڑا ندا کا انتظار کر رہا تھا جی اپ نے بلایا مجھے ہاں جی جناب چلو میرے ساتھ پر کہاں چلو تو بتاتا ہو ندا حمزہ کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ کر چلی گئی گاڑی ایک ریسٹورنٹ کے باہر اکر روکی ندا اور حمزہ اتر کر اندر چلے گے اپ مجھے یہاں کیوں لائے ہے چلو تو بتاتا ہوں

اندر ایک کیبن بک کروایا تھا حمزہ نے دونوں انٹر ہوئے سارا کیبن پھولوں سے سجا ہوا تھا جس کو دیکھ کر ندا حیران رہ گئی حمزہ ندا کا ہاتھ پکڑ کر ایک ٹیبل کی طرف لے ایا

دونوں بیٹھ گئے ندا میں تمھیں اج یہاں اپنے دل کی بات کہنے لایا ہو وہ کرسی سے اٹھ کر ندا کا ہاتھ پکڑ کر ایک سائیڈ پر ہوا اور گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا i love you ندا well you merry me جیب سے رنگ نکال کر ندا کے اگے کی ندا بہت شوکڈ ہو گی چاہو تو انکار کر سکتی ہو کوئی مسلہ نہیں

ندا اگے بڑھ کر حمزہ کے ہاتھ سے رنگ پہن لی حمزہ کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا دونوں بہت خوش تھے

مریم اپنی ماں کے ساتھ فردوس بیگم کے پاس ائی اپنی شادی کا کارڈ دینے جہاں اس کی ملاقات دانیال سے ہو گئی دانیال نے اسیہ سے سلام لیا اور پاس اکر بیٹھ گیا کیسے ہو بیٹا اپ۔۔۔۔

اپ نے بھی انا ہے شادی پر شادی کا نام سن کر دانیال نے مریم کی طرف دیکھا مریم اپنی نظریں جھکا گئی

ہمیں بہت خوشی ہو گئی اپ شادی پر ائے گئے جی انٹی میں کوشش کرو گا انے کی دانیال نے مریم کی طرف دیکھ کر جواب دیا

مریم تم بھی کہو انٹی اور دانیال کو شادی پر انے کا جی انٹی اپ اور دانیال نے ضرور انا ہے سارا اور انکل کو بھی ساتھ لانا ہے جی بیٹا ہم ضرور ائے گے

مجھے خوشی ہو گی دانیال اگر اپ بھی ائیں گے مریم نے دانیال سے کہا دانیال سے نظر اٹھا کر مریم کو دیکھا مریم نظریں چرا گئی

مریم کی شادی کے دن بھی قریب ا رہے تھے سب اس کی شادی کی تیاریوں میں مصروف تھے پر مریم خوش ہو کر بھی خوش نہیں تھی

مہندی کا فنگشن چھوٹے سا کیا گیا گھر میں ہی ارینج کیا گیا ارتضا مہندی کے فنگشن میں نہیں ایا تھا ماہی اکیلی ائی فردوس بیگم کے ساتھ

اج مریم کی بارات تھی مریم صبح سے ہی بجھی بجھی تھی جس کو ماہی نے بہت نوٹ کیا۔۔۔۔۔

کیا ہوا تم خوش نہیں لگ رہی نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں ہے خوش ہو میں اچھا لگ نہیں رہا ماہم نے بھی بات میں حصہ لیا ایسی کوئی بات نہیں ہے تم دونوں ایسے ہی پریشان ہو رہی ہو

مریم عروسی جوڑے میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی

سب شادی حال میں پہنچ چکے تھے ماہی اور ارتضا ماہم اور احمد سب پہنچ گے تھے

ماہی اج ارتضا کے دل پر وار کر رہی تھی جو اتنے دنوں سے صبر کیے بیٹھا تھا ماہی کی خوبصورتی کے اگے سب اپنے اپ پر قابو پانا مشکل ہو رہا تھا

فردوس بیگم اور سارہ تیار ہو کر جا ہی رہی تھی جب دانیال بھی تیار ہو کر اگیا مما میں بھی ساتھ جاوگا تم سچی میں ساتھ جاوگیے جی مما فردوس بیگم کو تھوڑی حیرانگی ہوئی میں دیکھنا چاہتا ہو جس کو دل سے چہا وہ کیسے کسی اور ہو سکتی ہے کون ہے جو مجھے سے بہتر ہے دانیال دل میں سوچنے لگا

سب شادی ہال میں پہنچ گئ تھے عائشہ اور ندا بھی شادی پر ائیں تھی ان کی دو دن بعد کی فلائٹ تھی ندا کی وجہ سے حمزہ کو بھی شادی پر شامل ہونا پڑا

بارات ابھی تک نہیں پہنچی تھی سب پریشان تھے احسان صاحب اپنے بیٹے کو بار بار فون کرنے کا کہہ رہے تھے پاپا فون کر رہا ہو پر تایا جان اٹھا نہیں رہے

کچھ دیر میں فاحد کے گھر والے پہنچ گئے پر ان کے ساتھ فاحد نہیں تھا بھائی صاحب فاحد کہا

Urdu Novels Ghar

مجھے معاف کر دو احسان اتنا کہتے ہوئے وہ احسان صاحب کے قدموں میں بیٹھ گئے یہ اپ کیا کر رہے ہے بھائی صاحب

احسان فاحد نے ہمیں بتائیں بغیر شادی کرلی ہے

احسان صاحب کو یہ سنتے ہی پیروں تلے زمین نکل گئ

بھائی صاحب یہ کسے ہو سکتا ہے اسیہ بولی مجھے تم دونوں معاف کر دو مجھے فاحد کی بات پہلے ہی مان جانی چاہیے تھی تو اج مجھے اپنے بھائی کی سامنے یو رسوانا ہونا پڑتا

اس میں مریم کا کیا قصور ہے میری بچی کو کس چیز کی سزا مل رہی ہے

سب مہمان پریشان یہ منظر دیکھ رہے تھے مریم کی بھابھی نے مریم کو جا کر بتا دیا

ماہم اور ماہی مریم کو سنھبال رہے تھے لگتا ہے مجھے کسی کا دل توڑنے کی سزا ملی کیوں ایسی باتیں کر رہی ہو مریم۔۔۔۔۔۔

ماہم اور ماہی کو مریم کی باتیں سمجھ نہیں ارہی رہی تھی کس کا دل توڑا تو نے ماہم نے مریم سے پوچھا ماہم یہ ابھی اپنے ہو اس میں نہیں ہے

دانیال کو یوا اپنی محبت کو رسوا ہوتا دیکھا نہیں گیا وہ وہاں سے نکل گیا

Urdu Novels Ghar

دیوانہ وار سڑکوں پر گاڑی بھگانے لگا یہ کیا مریم تم نہیں ایسا میں تمھارے لئے کیوں کچھ نہیں کر سکا۔۔

مریم کے بھائیوں نے فاحد کے ماں باپ کی بہت بے عزتی کی اور وہاں سے جانے کا کہہ دیا

میں اپ کو کہتی تھی نا اپ یہاں نا او اپ کو ہی شوق چڑھا تھا اپنی بے عزتی کروانے کا چلو اب یہاں سے

کلثوم اپنے شوہر کو لے کر وہاں سے چلی گئی

سب لوگ طرح طرح کی باتیں کرنے لگ گئے مریم کی ماں باپ چپ کر کے لوگوں کی باتیں سننے لگے

فردوس بیگم سے یہ سب کچھ دیکھا نا گیا وہ مریم کے ماں باپ کے پاس ائی بہن اپ کی اجازت ہو تو کیا میں

مریم کو اپنی بیٹی بنالو

فردوس بیگم کی بات سن کر سب سکتے میں اگے یہ اپ کیا کہہ رہی ہے ٹھیک کہہ رہی ہو میں

میں نے اباجی اور شاہ صاحب کو بھی بلا لیا ماہی اپنی ماں کے فیصلے پر فخر کر رہی تھی

کچھ دیر میں ہمدان شاہ وجاہت شاہ سعدیہ بیگم اور رضوان شاہ بھی پہنچ گے جن کو ارتضا نے بتایا تھا

سب کو فردوس بیگم کے فیصلے پر فخر تھا سب نے فردوس کا ساتھ دیا

مریم کی بھابھی اس سب دیکھ کر جل بھن گئی مریم اتنے بڑے گھر کی بہو بننے والی ہے اس کا منہ حیرت سے

کھلا رہ گیا

جس کی شادی ہو رہی ہے وہ کہا حمزہ دانیال کو غائب دیکھ کر بولا اس سے بھی پوچھ لے

سب دانیال کو ڈھونڈے لگے فردوس بیگم نے دانیال کو فون ملایا کہا ہو دانیال مما میں گھر جا رہا ہو

بیٹا واپس اوپر کیوں آ تو بتاتی ہو دانیال نے گھڑی شادی ہال کی طرف موڑ لی

دانیال جب شادی ہال میں انٹر ہوا سب کی نظر اسی پر تھی سب کی نظر اپنے اوپر پا کر وہ تھوڑا کنفیوز ہوا

حیرت کا جھٹکا اس کو تب لگا جب وجاہت شاہ اور حمدان شاہ کو وہاں دیکھا

دادا جان پاپا اپ یہاں جی بیٹا او تم سے کچھ بات کرنی ہے وجاہت شاہ فردوس بیگم اور ہمدان شاہ دانیال سے بات کرنے کے لئے سائیڈ پر لے گئے

دانیال ہم نے تمھاری زندگی کا ایک فیصلہ کیا ہے

جی بولے پاپا تمھیں ابھی اور اسی وقت مریم سے نکاح کرنا پڑے گا

یہ سنتے ہی دانیال کے چہرے کے رنگ اڑ گے اس کو سمجھ نہیں ارہی تھی زیادہ خوش ہو یا زیادہ حیران

اس نے اپنے بڑوں کا فیصلہ سر جھکا کر مان لیا

مریم کو جب دانیال سے نکاح کا پتہ چلا تو وہ بہت شوکڈ ہوئی میں یہ نکاح نہیں کر سکتی اسیہ نے مریم کی اگے التجا کی بیٹا ہماری عزت کا سوال ہے

مما مجھے یہ گوارا نہیں کوئی مجھ پر ترس کھا کر اپنائے بیٹا کوئی تم پر ترس نہیں کھا رہا انہوں نے تو ہماری عزت بچائی ہے تمھارے باپ کا سر جھکنے سے بچایا ہے

مریم کو اخر کار منانا پڑا نکاح خواں اگیا نکاح کی رسم شروع کی گئی

نکاح ہو گیا مریم کا نام ہمیشہ ہمیشہ کے نام سے جڑ گیا دانیال کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا اس کی اج ساری دعائیں پوری ہو گئی تھی

مریم کو دانیال کو ساتھ لا کر بیٹھا دیا گیا ماہی بھی بہت خوش تھی اس کی بیسٹ فرینڈ اج اس کی بھابھی بن گئی تھی

کچھ دیر میں مریم رخصتی ہو کر دانیال کے ساتھ اس کے گھر اگئی مریم کا استقبال سادھے طریقے سے کیا گیا سوری بیٹا سب کچھ اچانک ہوا اس لیے زیادہ کچھ نہیں کر پائے فردوس بیگم نے مریم سے کہا

حمزہ اور ارتضا نے مل کر دانیال کے روم کو تھوڑا بہت سجا دیا

ماہی مریم کو دانیال کے روم میں لے ائی میرے بھائی بہت اچھے ہے امید ہے تم ان کے ساتھ خوش رہو گی ماہی ابھی مریم سے باتیں ہی کر رہی تھی جب دانیال روم میں اگیا

ماہی نے اپنے بھائی کا راستہ روک لیا شادی تو اپ نے جلدی میں کر لی اب نیگ دیے بغیر اندر نہیں جانے دو گی

دانیال نے اپنی جیب پیسے نکال کر ماہی کی ہاتھ میں رکھ دیے ماہی پیسے لے کر وہاں سے چلی گئی

دانیال نے اندر اکر دروازہ بند کر دیا اور چلتا ہوا مریم کے پاس ایا

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تائی جان میں اج رات یہی رک جاو پلیز منہل سعدیہ سے روکنے کی اجازت لے رہی تھی

ارتضا پیچھے کھڑے سب سن رہا تھا مجھ سے کیا پوچھتی ہو اپنے شوہر سے پوچھو

فردوس بیگم وہاں سے چلی گئی ماہی اب چلتی ہوئی ارتضا کے پاس ائی وہ مجھے یہ کہنا تھا ماہی ارتضا سے بات کرتی ہمیشہ کنفیوز ہو جاتی تھی

جی کیا کہنا اپ کو وہ میں اج کی رات یہی رک جاو ماہی اپنی انگلیوں کو مروڑتی ہوئی ارتضا سے کہہ رہی تھی

ارتضا نے منہل کو کھینچ کر اپنے حصار میں لے لیا ماہی اپنا توازن برقرار رکھتے ہوئے ارتضا کے چوڑے سینے پر جا لگی

ارتضا کیا کر رہے ہے اپ چھوڑے مجھے

یار بیوی ہو تم میری اج دل بہت بے ایمان ہو رہا ہے بہت خوبصورت لگ رہی ہو ارتضا ماہی کان میں سرگوشی کرنے لگا

ارتضا کی بات سن کر ماہی کانپ گئی یار نا تنگ کرو اتنا اور کتنا صبر کرو رحم کرو مجھ پر میں بھی انسان کھا تھوڑی جاو گا تمہیں۔۔۔۔۔۔

ارتضا پلیز چھوڑے کوئی اجائے گا انے دو جو اتا ہے منہل ارتضا سے التجا کرنے لگی پر ارتضا ج چھوڑنے کے موڈ میں نہیں تھا

اچھا ایک شرط پر روک سکتی ہو تم صرف اج کی رات

جی منظور ہے

شرط پہلے سن تو لو

کس می ارتضا نے اپنے ہونٹوں کی طرف اشارا کیا ارتضا کی بات سن کر ماہی کا منہ کھولا ہی رہ گیا

کیا ہو گیا ہے اپکو چلو پھیر گھر ارتضا ماہی کو خوب تنگ کر رہا تھا ارتضا یو تو غلط بات ہے وہ تو ارتضا سے یہاں رہنے کا پوچھ کر پچھتا رہی تھی

اگر رہنا ہے تو کس کرنی پڑے گئی ماہی کو مجبوراارتضا کی بات منانی پڑی پہلے اپ انکھیں بند کرے ارتضا نے اپنی انکھیں بند کرلی ماہی اس کے گال پر کس کر کے بھاگ گئی

یہ تو چیٹنگ ہے ماہی ارتضا اپنے گال پر ہاتھ رکھ کر مسکرانے لگا

****

دانیال چلتا ہوا مریم کے پاس اکر بیٹھ گیا کسی ہو

میں اس شادی کو نہیں مانتی

اب تو ہو گئی منانا پڑ گا

تم نے مجھ پر ترس کھا کر شادی کی ہے

کسی باتیں کر رہی ہو مریم میں تم پر ترس کیوں کھاو گا میں تم سے محبت کرتا

میں تمھاری محبت کو نہیں مانتی

دانیال سے اگے بڑھ کر مریم کا ہاتھ پکڑ لیا دانیال تم میرے ساتھ زبردستی نہیں کر سکتے میں تمھارے ساتھ زبردستی نہیں کر رہا

چلو اٹھ کر چینج کر لو مما نے الماری میں تمھارے لئے ڈریس رکھا ہے کل میرے ساتھ چلنا کل شوپنگ کروا دو گا مجھے تمھارے ساتھ کہیں نہیں جانا

مریم دانیال کو غصے سے کہتی بیڈ سے اتر کر جانے ہے لگی تھی دانیال نے اس کو کھینچ کر اپنی بانہوں میں لے لیا جانا تو ہر جگہ میرے ساتھ ہی پڑے گا تمھیں ائی سمجھ

دانیال چھوڑو مجھے کیا بتمیزی ہے

بتمیزی تو میں نے ابھی کی نہیں اور ذرا عزت سے بات کرو مجھ سے کیا تم تم لگا رکھا ہے مجھ تم اپ کہہ کر مخاطب کرو شوہر ہو تمھارا۔۔۔۔۔۔۔

مریم غصے سے پیر پٹخ کر کپڑے لے کر ڈریسنگ روم میں چلی گی حمزہ چینج کر کے بیڈ پر اکر لیٹ گیا

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مجھے معاف کر دے مما مجھ سر بہت بڑی غلطی ہو گئی پلیز مجھۓ معاف کر دیے انس معافی مانگتا ہوا عائشہ کے قدموں میں بیٹھ گیا

انس تم یہاں کیوں ائے ہو اگر کسی نے دیکھ لیا تو تم بچ کر نہیں جاوگے مما میں اپ سب سے معافی مانگنے ایا پلیز مجھے معاف کر دے

تمھاری گھٹیا حرکت معافی کے قابل نہیں چلے جاو یہاں تم سے مجھے اور اپنے باپ کو کہیں منہ دیکھنے کے قابل نہیں چھوڑا

مما پلیز میں بہت شرمندہ ہو میں سب سے معافی مانگ لو گا بس ایک موقع دیں دی مجھے پلیز مما

ابھی تم یہاں سے چلے جاو سب غصے میں ہے جب سب کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا پھیر میں بات کرو گی سب سے تمھارے لئے ابھی جاو یہاں سے

☆☆☆☆☆☆

ماہی اپنے روم میں اکرار تضا کے بارے میں سوچنے لگی اور اپنی حرکت کو سوچ کر شرم سے لال ہوتی جارہی تھی

دانیال اور مریم کا ولیمہ دو دن بعد رکھا گیا ولیمے کی وجہ سے عائشہ اور ندا کو بھی اپنی فلائٹ اگے کروانی پڑی

پھوپھو اپ اپنے ایک بھتیجے کی شادی اٹینڈ کرنے ائی تھی دیکھے دو دو شادی اٹینڈ ہو گئی حمزہ عائشہ کے پاس بیٹھا باتیں کر رہا جب وہاں ندا بھی اگئی میں کیا سوچ رہا ہو میری شادی اٹینڈ کر کے ہی جائے گا

بہت شوق ہے میرے بیٹے کو شادی کی جی بس بچپن سے ہی شوق ہے پھو پھو حمزہ نے شرمانے کی ایکٹنگ کرتے ہوئے عائشہ سے کہا

دانیال نے اکر اس کے سر پر ایک چپٹ لگائی اپنے شوق بعد میں پورے کرنا پہلے اٹھ کر میری شادی کا کام کر پھو پھو دیکھے میرے ساتھ یہ سلوک ہوتا سب سے چھوٹا ہو تو کوئی عزت نہیں

دانیال کیوں تنگ کر رہے ہو میرے بیٹے کو کسی اور سے کہہ دو کام ندا پاس بیٹھی دانیال کی ایکٹنگ دیکھ کر مسکرا رہی تھی

ارتضا بھی ان کا شور سن کر وہی اگیا یہ دیکھو بڑے بھائی بھی اگے ارتضا نے عائشہ سے سلام کیا کیسی ہے پھو پھو اپ ٹھیک ہو بیٹا تم کیسے ہو بھائی یہ اپ کے ہاتھ میں کیا ہے ارتضا کے ہاتھ میں شوپنگ بیگ تھا جو حمزہ سے چھپ نا پایا

کچھ نہیں تمھارے لئے او اچھا جی ماہی کے لئے کچھ لے کر ائیں ہے حمزہ تم نے کیا ماہی ماہی لگا رکھا ہوا ہے تمھارے بڑے بھائی کی بیوی ہے بھابھی کہا کرو عائشہ نے حمزہ کو ٹوکا سوری پھو پھو اج کے بعد کوشش کرو گا

ارتضا کی بے چینی دیکھتے ہوئے عائشہ نے اس کی مشکل اسان کی بیٹا ماہی اپنے روم میں ہے جاو مل لو ارتضا وہاں سے ماہی کے روم کی طرف چلا گیا

عائشہ دانیال ارتضا اور حمزہ کو دیکھ کر انس پر صرف افسوس ہی کرتی رہ گئی کاش میرا انس بھی ان کی طرح ہوتا

ارتضا روم میں ایا تو ماہی رات کے فنکشن کے لیے ڈریس سلیکٹ کر رہی تھی ارتضا چلتا ہوا ماہی کے پاس ایا ماہی الماری میں گھسی ہوئی تھی اس کو ارتضا کے انے کی خبر نا ہوئی

ارتضا اس کے قریب جا کر کہا کیا کر رہی ہو ارتضا کی اواز اتنے قریب سے انے کی وجہ سے ماہی ڈر کے ایک دم پیچھے ہوئی گرنے ہی والی تھی کہ ارتضا نے اس کو تھام لیا

ارتضا کا ایک ہاتھ اس کی کمر پر تھا اور دوسرے ہاتھ میں شوپنگ بیگ دونوں ایک دوسرے میں کھوئے ہوئے تھے ماہی ہوش میں اکر سیدھی ہوئی

اپ یہاں

کیوں میں نہیں اسکتا

نہیں میرا وہ مطلب نہیں تھا اپ یہاں اس وقت

ہاں تمھیں کچھ دینے ایا تھا

ماہی نے ارتضا کو سوالیہ نظروں سے دیکھا ارتضا نے اس کو شوپنگ بیگ پکڑا دیے رات کے فنگشن کے لئے تمھارا ڈریس لایا تھا

اس کی کیا ضرورت تھی میرے پاس پہلے ہی بہت کپڑے ہے ضرورت تھی میں چاہتا ہو تم رات میں یہی ڈریس پہنو

اگر تم نے یہ ڈریس پہن لیا تو میں سمجھ جاو گا تم مجھ سے محبت کرتی ہو اور میرے ساتھ اس رشتے کو اگے بڑھنا چاہتی ہو

اور اگر میں نے یہ ڈریس نا پہنا تو مجھے یقین ہے تم یہ ڈریس ضرور پہنو گی ارتضا اتنا کہہ کر ماہی کے ماتھے پر بوسہ دیے کر چلا گیا

ماہی بیگ سے ڈریس نکال کر دیکھتی ہے ریڈ اینڈ بلیک کلر کی بہت خوبصورت ایک ساڑھی تھی ساتھ ایک ڈائیمنڈ کا سیٹ تھا اس کے اوپر بہت نفیس طریقے سے کام ہوا تھا ساڑھی پر مجھے تو ساڑھی پہنی نہیں اتی کیا کرو نہیں پہنتی کہہ دو گی پہنانی نہیں اتی لیکن اگر ارتضا برا مان گئے تو ابھی سوچ رہی ہوتی ہے اس کو ماہم کا خیال اتا ہے ہاں ماہم سے ہیلپ لیتی ہو ماہی ماہم کا نمبر ملاتی ہے

مریم اور دانیال کا ولیمہ بہت بڑے پیمانے پر ارینج کیا گیا مریم نیوی بیلو رنگ کی میکسی میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی دانیال بھی بلیک تھری پیس سوٹ میں بہت ہینڈسم لگ رہا تھا

مریم کی بھابھی اتنا شاندار ولیمہ دیکھ کر جل بھن گئی تھی مریم کی امی اپنی بیٹی کی نظر اتار رہی تھی اور اس کو خوشیوں کی دعائیں دے رہی تھی۔

ارتضا کی نظریں صرف ماہی کو ڈھونڈ رہی تھی پتہ نہیں اس نے ساڑھی پہنی ہو گی کہ نہیں ارتضا خود سے باتیں کر رہا تھا

ندا لائٹ گرے رنگ کے شوٹ فروک میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی حمزہ چلتا ہوا ندا کے پاس ایا بہت خوبصورت لگ رہی ہو شکر یہ حمزہ سوچ رہا ہو اج گھر والوں سے ہماری بات کر ہی لو میں اب نہیں رہ سکتا تمھارے بغیر حمزہ نے اتنا کہتے ہوئے ندا کا ہاتھ پکڑ لیا حمزہ ہاتھ چھوڑے کوئی دیکھ لے گا دیکھنے دو میں بھی یہی چاہتا ہو کوئی ہمیں دیکھے

دور کھڑی فردوس بیگم ان کو ہی دیکھ رہی تھی اور ساتھ مسکرانے لگ گئی

ماہم اور احمد بھی اگے یہ دونوں ساتھ کھڑے بہت خوبصورت لگ رہے تھے ماہم نے لائٹ پیچ رنگ کا فروک پہنا جو اس کی شخصیت کو اور نکھار رہا تھا اور احمد نے بلیک سوٹ میں وجیہ لگ رہا تھا

دونوں پرفیکٹ کپل لگ رہے تھے

ارتضا کی نظریں ماہی کو ڈھونڈ رہی تھی پر ماہی کا کہی اتہ پتہ نہیں تھا

کچھ دیر میں ماہی اگئی ماہی نے ساڑھی پہلی دفعہ پہنی تھی اس لئے وہ تھوڑا کنفیوز ہو رہی تھی

ارتضا کی نظر ماہی پر پڑی تو وہ نظر پلٹنا بھول گیا

ماہی ساڑھی میں بہت خوبصورت لگ رہی تھی ماہی کو ساڑھی میں دیکھ کر ارتضا کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں رہی

ماہی ارتضا کو نظر انداز کرتی ہوئی مریم اور دانیال کی طرف چلی گئی

ماہی تم تو بہت خوبصورت لگ رہی ہو مریم نے ماہی کی تعریف کی میری چھوڑو تم بھی کسی سے کم نہیں لگ رہی اچھا دانیال بھائی نے کیا دیا منہ دیکھائی میں ماہی کے سوال پر جہاں مریم چپ ہوئی وہاں دانیال بھی شرمندہ ہو گیا

ارتضا کے ایک دم انے کی وجہ سے بات چینج ہو گی کسے ہو دانیال نئ زندگی بہت بہت مبارک ہو شکریہ

ارتضا دونوں ایک دوسرے کے گلے ملے

ارتضانے بلیک تھری پیس سوٹ میں ریڈ شرٹ پہننی تھی دونوں ساتھ کھڑے بہت خوبصورت لگ رہے تھے

اج اتناسج کرانے کی کیاضرورت تھی ولیمہ میرا ہے دیکھ سب تجھے رہے ہے دانیال نے معصوم سی شکل بنا کرارتضاکے کان میں سرگوشی کی ارتضااس کی بات سن کر مسکرانے لگا

ماہی ارتضاکو مسکراتادیکھ کراس میں کھوسی گئی ارتضا مسکراتے ہوئے بہت اچھالگ رہاتھا یہ الگ بات تھی وہ مسکراتا کم تھا

احمد اور ماہم بھی سٹیج پر اگیے احمد دانیال اور ماہم مریم سے ملی

ارتضا کی نظریں ماہی پر ہی تھی اس نے نظروں سے ماہی کو اپنے پاس بلایاپرماہی نظر انداز کر گئی

ماہی کا نظر انداز کرنا ارتضا کو غصہ دلا گیا

سب نے ماہی اور مریم کی بہت تعریف کی ولیمہ اپنے اختتام کو پہنچاسب نے بہت انجوائے کیا

ارتضاماہی کو اپنے ساتھ لے ایاماہی بھی چپ چاپ ارتضا کے ساتھ چل پڑی گاڑی میں کافی خاموشی تھی جس کو ارتضانے توڑا بہت پیاری لگ رہی ہو بہت شکریہ میرے لیے یہ ساڑھی پہنے کا اج رات میں تمھارا

انتظار کرو گا ارتضاک 8 بات سن کر ماہی شرم سے لال ہو گی ماہی کی حالت دیکھ کر ارتضا نے اس کو دوبارہ تنگ نہیں کیا

کچھ دیر میں دونوں گھر پہنچ گیے ماہی گاڑی سے اترنے لگی تھی تب ہی ارتضا نے اس کا ہاتھ تھام لیا میرا ویٹ کرنا میں تھوڑی دیر میں اتا ہو ساتھ ہی اس کا ہاتھ چوم لیا ارتضا کی باتوں اور حرکت سے ماہی کے دل کی دھڑکن تیز ہو گئی وہ جلدی سے اپنا ہاتھ چھوڑاتی اندر کی طرف بھاگ گئی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دانیال کمرے میں ایا تو مریم اپنی جیولری اتار رہی تھی دانیال دروازہ لوک کر کے چلتا ہو امریم کے پاس اگیا بہت خوبصورت لگ رہی ہو

تم سے مطلب تمھارا مسلہ کیا ہے

مریم تمھیں تمیز نہیں ہے بات کرنے کی شوہر ہو تمھارا تھوڑی عزت سے بات کیا کرو

مجھے تم سے بات ہی نہیں کرنی مریم پلٹنے لگی دانیال نے کھینچ کر اس کو اپنی بانہوں میں لے لیا اج کے بعد تم کہہ کر بات نا کرنا مجھے نہیں پسند کوئی مجھے تم کہے اوکے دانیال کے غصہ کرنے سے مریم ڈر گئی وہ اچھا کہہ

کر مڑنے ہی لگی تھی دانیال نے دوبارہ اس کو اپنے حصار میں لے لیا مجھے اپنا حق وصول کرنا اتا ہے تمھارے لیے بہتر ہے خود ی تیار ہو جاو ہمارے رشتے میں ذبر دستی اچھی نہیں لگتی

*****

ماہی جلدی سے کمرے میں اگی کیا کروں اب ایسا کرتی ہو ان کے انے سے پہلے ہی سو جاتی ہو ہاں یہ ٹھیک رہے گا ماہی ابھی اپنے کان سے ائیر رنگ اتارنے ہی والی ہوتی ہے جب ارتضا روم میں اگیا ماہی کے چلتے ہاتھ وہی روک گئے

ارتضا روم لوک کر کے چلتا ہوا ماہی کے پیچھے اکر کھڑا ہو گیا اور ماہی کو اپنی بانہوں میں لے لیا ماہی نے اپنی انکھیں بند کر لی ارتضا جھک کر اس کی گردن پر لب رکھ دیے ارتضا کی اس حرکت سے ماہی کی ریڑھ کی ہڈی تک سنسناہٹ ہوئی

ارتضا نے ماہی کے کان سے جھمکا اتار کر وہاں لب رکھے ماہی نے اپنے ہاتھوں کی مٹھی کو زور سے بند کر لیا ارتضا کی گستاخیاں بڑھنے لگی اس نے ماہی کا منہ اپنی طرف کیا ماہی کی انکھیں بند تھی ارتضا نے اس کی انکھوں پر لب رکھے ماہی کی تو جان ہی نکلنے والی ہو گئی

ماہی ایک دم ہوش میں ائی ارتضا کو پیچھے دھکا دے کر وہاں سے ڈریس روم کی طرف بھاگ گئی

ماہی کا ایسے جانے سے ارتضا شوکڈ ہو گیا ارتضا کو ماہی پر بہت غصہ ایا ٹھیک ہے منہل شاہ اب ارتضا تمھارے قریب نہیں ائے گا ارتضا اتنا کہہ کر کپڑے چینج کر کے سونے کے لئے لیٹ گیا

ماہی نے اپنے اپ کو ڈریسنگ روم میں بند کر لیا اور دونوں ہاتھ منہ پر رکھ لئے یہ کیا ہو گیا مجھے میں ایسے کیسے اگئی ارتضا کو برا لگ گیا تو مجھے نہیں انا چاہیے تھا ماہی نے جلدی سے ڈریس چینج کیا اور روم میں اگئی ماہی نے جب کمرے میں قدم رکھا تو کمرہ تاریخی میں ڈوبا ہوا تھا کمرے میں بہت اندھیرا تھا صرف ایک نائٹ بلب جل رہا تھا جس سے بیڈ پر لیٹے وجود کو با اسانی دیکھا جا سکتا تھا

ارتضا بیڈ پر ایک سائیڈ انکھوں پر بازو رکھ کر لیٹا ہوا تھا ماہی اہستہ سے بیڈ کی دوسری جانب اکر لیٹ گئی اور اپنی بیوقوفی پر افسوس کرنے لگی ارتضا اس کی ساری کاروئی دیکھ رہا تھا

☆☆☆

مریم چینج کر کے واپس ائی تو دانیال بیڈ پر لیپ ٹاپ پر کچھ کام کر رہا تھا مریم نے اکر اپنے بالوں میں برش کر کے صوفے پر اکر لیٹ گئی دانیال جو کافی دیر سے اس کو نوٹ کر رہا تھا اس کے صوفے پر لیٹنے سے بول پڑا اکر بیڈ پر لیٹو میں تمھیں کھا تھوڑی جاوں گا مریم دانیال کو نظر انداز کرتی ہوئی صوفے پر لیٹ گئی

Urdu Novels Ghar

دانیال غصے سے اٹھ کر مریم کے پاس ایا اور سخت لہجے میں کہا تمھیں میری بات سنائی نہیں دی مریم نے دوسری طرف کروٹ لے لی

دانیال نے مریم کو گود میں اٹھایا اور بیڈ کی طرف چل پڑا

کیا کر رہے ہو چھوڑے مجھے دانیال میں اپکو کہہ رہی ہو مجھے نیچے اتارے دانیال نے لا کر بیڈ پر پھینک دیا

اج کے بعد صوفے پر جانے کی جرت نا کرنا

دانیال کی بات کا کچھ تو اثر ہوا تھا مریم پر تم سے اپ پر اگئی تھی

مریم ایک طرف سمٹ کر لیٹ گئی دانیال اس کو دیکھ کر مسکرانے لگا اگر دوبارہ صوفے پر گئی تو ایسے ہی اٹھا کر لاوں گا

دانیال بھی اپنی جگہ پر لیٹ گیا اور رخ مریم کی طرف کر لیا

☆☆☆

مما مجھے اپ سے کچھ بات کرنی ہے حمزہ سعدیہ کے پاس ایا

جی بولو بیٹا مما میں ندا کو پسند کرتا ہو اور اس سے شادی کرنا چاہتا ہو۔۔۔

حمزہ یہ تو بہت اچھی بات ہے مجھے بھی ندا بہت پسند ہے بہت پیاری بچی ہے

تو پھیر اپ جائے نا پھو پھو کے پاس وہ کل واپس جا رہی ہے جانے سے پہلے بات کر لے نا

اچھا اج جاتے ہے ابا جی اور عائشہ کے پاس thank u مما love u مما حمزہ اتنا کہتا ہوا سعدیہ کے گلے لگ گیا

رات کو سعدیہ اور رضوان شاہ وجاہت شاہ کے پاس جاتے ہے سب لاونج میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے ماہی بھی ان کے ساتھ ائی تھی بھابھی ارتضا اور حمزہ کو بھی لے اتے ساتھ ارتضا کو افس میں کام تھا اور حمزہ اپنے فرینڈ کی طرف گیا ہے

اج ہم اپ سے کچھ بات کرنے ائے ہے حمدان عائشہ اور فردوس بھی اجاتے ہے دانیال بھی افس میں بزی ہوتا ہے ندا مریم اور ماہی کمرے میں بیٹھی گپ شپ کر رہی تھی

بولو رضوان کیا بات ہے

ابا جی ہم حمزہ کے لیے ندا کا ہاتھ مانگنے ائے ہے وجاہت شاہ کی خوشی کی کوئی انتہا نا رہی مجھے تو کوئی عتراض نہیں ہے اپ لوگ عائشہ سے پوچھ لو عائشہ ان سب میں بلکل خاموش بیٹھی تھی

کیا ہوا عائشہ تم خوش نہیں ہو سعدیہ نے عائشہ سے پوچھا نہیں بھابھی ایسی کوئی بات نہیں ہے میں بہت خوش ہو بس اپ سب سے شرمندہ ہو انس نے جو کیا اپ نے پھیر بھی ہمارے بارے میں سوچا کسی باتیں

کر رہی ہو تم عائشہ ندا ہماری بچی ہے ہم اس کے ساتھ برا تھوڑی کرے گے تم بتاؤ یہ رشتہ قبول ہے مجھے

کیا اعتراض ہونا ہے بھائی صاحب میری ندا کو اس سے اچھا رشتہ مل ہی نہیں سکتا

مبارک ہو سب کو وجاہت شاہ نے سب کو مبارک باد دی ابا جی اپ ایک دفعہ حنان سے بھی بات کر لے

اور منگنی کی ڈیٹ بھی فائنل کر لے وہ میں کر لو گا مجھے پتہ ہے وہ انکار نہیں کرے گا

کل تمھاری کتنے بجے کی فلائٹ ہے عائشہ رضوان نے عائشہ سے پوچھا بھائی صاحب کل رات کی چلو پھیر

دوپہر کا کھانا اپ سب ہماری طرف کھانا جی بھائی ٹھیک ہے

اس دن کے بعد ارتضا نے منہل کو بلکل اگنور کر دیا صبح جلدی افس کے لئے نکل جاتا اور رات دیر تک

سٹڈی میں بیٹھا افس کا کام کرتا رہتا

ارتضا کا یوں اگنور کرنا ماہی کو برداشت نہیں ہو رہا ہے

وہ بہت اداس تھی

احمد پلیز ایک دن کی بات ہے امی کی طبیعت نہیں ٹھیک اجاوگی کل تک

ماہم میں تمھارے بغیر نہیں رہ سکتا

احمد کیا اپ بچوں جیسی باتیں کر رہے ہے

Urdu Novels Ghar

اچھا چلو ٹھیک ہے رات کو اجانا احمد پلیز صرف ایک دن کل پکا اجاو گی

احمد ماہم کو پیچھے سے اکر بانہوں میں لے لیتا ہے اپنی تھوڑی ماہم کے کندھے پر رکھ کر پلیز نا جاو نا

احمد کیا ہو گیا ہے اپکو چلے شام تک اجاو گی

پکا

جی جناب پکا احمد اس کو اپنی بانہوں میں بھر کر ماتھے پر بوسہ دیتا ہے i love u so much maham

میں تم سے بہت پیار کرتا ہو i love u 2ahmad --------

☆☆☆☆☆☆☆

اس دفعہ کا پلان ناکام نہیں ہو گا ارتضا شاہ تم نے مجھ سے ماہی کو چھینا ہے نا میں تم سے تمھارا سب کچھ

چھین لو گا برباد ہو جاو گے تم یہ سب کچھ کرنے کے لئے مجھے ان کے قریب رہنا پڑے گا پر گھر کے اندر

کیسے جاو مما۔۔۔۔ہاں مما نے بھی تو میرے لیے کچھ نہیں کیا

اج سب رضوان شاہ کے گھر کھانے پر اکھٹے ہوئے تھے سب بہت خوش تھے حمزہ اور ندا کے رشتے سے

حنان نے بھی اس رشتے پر اپنی رضامندی دے دی تھی اگلے مہینے کے اخر میں منگنی رکھی گی تھی

ارتضا اور دانیال بھی لینچ بریک میں گھر اگے تھے عائشہ سے ملنے اور کھانا کھانے ارتضا ماہی کس امنا سامنا ہو تو ماہی کے دل کی دھڑکن تھم گئی ارتضا اس کو اگنور کرتا ہوا اگے چلا گیا ماہی کا دل ٹوٹ سا گیا وہ اپنے اپ کو سنھبالتی ہوئی کچن کی طرف چلی گئی

کھانے کی میز پر مریم اور ماہی نے سب کو کھانا سرو کیا ارتضا بیٹا یہ لو یہ سپشل ماہی نے تمھارے لئے بنایا ہے ویجیٹبل رائس تمھیں بہت پسند ہے نا ارتضا نے ایک نظر ماہی کو دیکھا جو نظریں جھکائے کھڑی تھی اور چاول ڈال لئے ماہی ارتضا کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی

خوش گوار ماحول میں کھانا کھایا گیا حمزہ ندا کو بار بار چھت پر بلا رہا تھا پر ندا اگنور کر دیتی دانیال اور مریم کا ریلیشن بھی کافی بہتر ہو گیا تھس اب وہ چھوٹی چھوٹی بات پر دانیال سے لڑتی نہیں تھی

کھانے کے بعد سب چائے پی رہے تھی جب حمزہ نے ندا کو میسج کر کے چھت پر بلایا ندا اٹھ کر چھت کی طرف چلی گئی

مجھے اپ سب سے کچھ بات کرنی ہے

بولو عائشہ بات کرنے سے پہلے پوچھنے کی کیا ضرورت ہے

ابا جی اپ سب اب یہاں ہے تو میں اپ سب سے کچھ کہنا چاہتی ہو

بولو بیٹا کیا بات ہے وجاہت شاہ بولے

ابا جی انس ایا تھا میرے پاس ان کا نام سن کر سب کے چہرے کے زاویے بگڑ گے

وہ بہت شرمندہ ہے اپ سب سے معافی مانگنا چاہتا ہے

عائشہ بیٹا تم مجھے بہت عزیز ہو لیکن انس نے جو غلطی کی ہے وہ نا قابلے معافی ہے اس نے ہماری عزت پر ہاتھ ڈالا ہے ہم اسکو معاف نہیں کر سکتے اپنے باپ کی بات سن کر عائشہ خاموش ہو گی

انس کا نام سن کر ماہی کا رنگ فق ہو گیا وہ پیچھے کو جاتی جاتی ٹیبل کے سہارے کھڑی ہو گی ارتضا کی ماہی پر نظر پڑی تو ماہی بھاگ کر کمرے میں چلی گئی ارتضا بھی اس کے پیچھے کمرے میں چلا گیا

☆☆☆☆

مجھے پتہ تھا تم مجھ سے ملنے ضرور اوگی اپ نے مجھے ملنے کیوں بلایا اپ نے یار کچھ دیر میں تم چلی جاوگی تو میں اداس ہو جاوگا کچھ وقت مجھے بھی دے دو اتنا کہہ کر حمزہ نے ندا کو اپنے پاس بیٹھا لیا

ارتضا روم میں ایا تو ماہی ایک کونے میں سمٹ کے بیٹھی رو رہی تھی کیا ہو ماہی تمھیں ارتضا ماہی کے پاس ایا

ارتضا مجھے کہی چھپا لے وہ اجائے گا

کون ائے گا ماہی یہاں کوئی نہیں ہے صرف میں ہو

نہیں ارتضا وہ انس اجائے گا پلیز مجھے بچا لے

کوئی نہیں ائے گا یہاں میں ہو تمھارے پاس ارتضا نے ماہی کو اپنے سینے سے لگا لیا اس کو انس پر اور زیادہ غصہ انے لگ گیا وہ ماہی کو چپ کرواتا بیڈ کی طرف لے گیا اور اس کو بیڈ پر لیٹا دیا تم ارام کرو تمھیں ارام کی ضرورت ہے اپ پلیز میرے پاس بیٹھ جائے ارتضا بھی منہل کے پاس بیٹھ گیا۔۔۔

دانیال اور حمزہ عائشہ کو ندا کو ائیر پورٹ چھوڑنے ائیں

ارتضا ماہی کے پاس ہی رک گیا دوبارہ افس نہیں گیا دانیال کو کہہ کر اس نے افس کا کام گھر پر منگا لیا تھا

صبح جب ماہی کی انکھ کھولی تو ارتضا افس کے لئے تیار ہو رہا تھا

کسی طبیعت ہے اب تمھاری

ٹھیک ہو میں اپ کے لئے ناشتہ بنا دو

نہیں میں نے کر لیا ہے بس دیر ہو رہی ہو افس جا رہا ہو اتنا کہتا ہوا ارتضا چلا گیا کب تک ارتضا اپ مجھ سے ایسے بات کری گے مجھے معاف کیوں نہیں کر دیتے ماہی خود سے ہی باتیں کر رہی تھی

ارتضا جب افس ایا تو دانیال نے اس کو اج کی میٹنگ کا بتایا دونوں مل کر ڈسکس کرنے لگے لنچ کے بعد میٹنگ ہے دانیال اتنا کہتا ہوا اٹھ کر اپنے کیبن میں چلا گیا ماہی اپ تم خود میرے پاس اوگی ارتضا سوچتے ہوئے مسکرانے لگا

اج دانیال نے سوچا تھا کہ وہ مریم کو اپنے دل کی بات بتا دے گا اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس کو اپنا بنا لے گا

کیا ہوا ہے ماہی بیٹا میں کافی دنوں سے نوٹ کر رہی ہو تم بہت اداس ہو کیا ہوا ارتضا نے کچھ کہا کیا نہیں تائی جان بس ویسے ہی مما پاپا کی یاد ا رہی ہے میں بی تو تمھاری مما ہی ہو نا اج مجھے تائی نہیں مما کہنا جیسے ارتضا اور حمزہ کہتے ہے جی تائی جی پھیر تائی سوری اوکے مما سعدیہ نے ماہی کو گلے لگا لیا اور جاو جا کر مل او فردوس اور حمدان سے وہ بھی بہت اداس ہو گے صبح ابا جی کا بھی فون ایا تھا یاد کر رہے تھے تمھیں پر مما ارتضا سے نہیں پوچھا میں نے اس کو میں بتا دو گی تم جاؤ thank u مما ماہی اتنا کہتے سعدیہ کے گلے لگ گی جاو جا کر تیار ہو جاو۔۔۔۔۔۔

ارتضا گھر ایا تو ماہی کو ڈھونڈنے لگا مما ماہی کہا ہے

بیٹا وہ فردوس سے ملنے گئی ہے

اچھاوہ کہتاہوا روم میں چلا گیا مجھ سے پوچھے بغیر کسی چلی گئی ماہی میں اس کی زندگی میں زرا اہم نہیں ہو کیا

ارتضا یہ سوچتے ہوئے اٹھا کپڑے لے کر ڈریسنگ روم میں چلا گیا

دانیال گھر ایا تو مریم کو ڈھونڈنے لگا مریم ماہی کے ساتھ لاوئنج میں بیٹھی چائے پی رہی تھی دانیال بھی

فریش ہو کر ان کی طرف اگیا

کسی ہو ماہی تم میں ٹھیک ہو اپ کیسے ہے بھائی ٹھیک ہو گڑیا تمھیں اج ہماری یاد کیسے اگئی

بس بھائی اگئی تو بھاگی ائی اپ سب سے ملنے اچھا یہ تو تم نے بہت اچھا کیا اب دو تین دن رہ کر جانا نہیں بھائی

بس تھوڑی دیر تک چلی جاوگی

کیوں جی اس بار مریم بولی کچھ دن رک جاونا نہیں پھیر کبھی ویسے ہی کہو نا ارتضا بھائی کے بغیر دل نہیں لگتا

کیوں تنگ کرتی ہو میری بہن کو اپ کی بہن بعد میں ہے پہلے میری دوست ہے اچھا جی جناب

ماہی ارتضا کو کہو رات کا کھانا ہمارے ساتھ ہی کھائے بھائی میں کب سے فون کر رہی ہوا اٹھا نہیں رہے چلو

میں کرتا ہو فون۔۔۔۔۔۔

ارتضا وشروم سے فریش ہو کر باہر ایا اپنا فون چیک کیا تو ماہی کو تین مس کالز تھی ارتضا نے نظر انداز کر

کے واپس رکھ دیا فون مڑنے ہی لگا تھا اس کو فون پھیر بجا ارتضا نے فون دیکھا تو دانیال کا فون تھا

ارتضا نے فون اٹھایا ہیلو کدھر ہو یار ماہی کب سے فون کر رہی ہے تم اٹھا نہیں رہے تھے یار و شر وم تھا

خیریت کیا ہوا یار ماہی ائی ہے تم بھی اجاو ساتھ کھانا کھاتے ہے

نہیں یار اج نہیں بس اج طبیعت نہیں ٹھیک کیوں کیا ہوا تجھے بس یار سر درد ہو رہا ہے ارام کرو گا ٹھیک ہو

جاو گا تم ایسا کرنا تم ماہی کو چھوڑ جانا چل ٹھیک ہے تم ارام کرو

بیٹا تم گئے نہیں ماہی کو لینے کھانے کی میز پر سعدیہ نے ارتضا سے کہا بس مما سر میں درد ہے ارام کرنا چاہتا

ہو کیا ہوا بیٹا زیادہ درد ہے تو ڈاکٹر کے پاس چلے نہیں مما ارام کرو گا تو ٹھیک ہو جاو گا دانیال چھوڑ جائے گا

ماہی کو چلو تم روم میں ارام کرو میں تمھارے لئے چائے بنا کر لاتی ہو اوکے مما۔۔۔۔

منہل بیٹا ارتضا نہیں ایا وجاہت شاہ نے ماہی سے پوچھا پتہ نہیں دادا جان میری بات ہوئی تھی ارتضا سے

اس کے سر میں درد ہے ارام کر رہا ہے میں چھوڑ او گا ماہی بھائی اپ نے مجھے پہلے کیوں نہیں بتایا ارتضا کی

طبیعت نہیں ٹھیک چلے مجھے ابھی چھوڑ کر ائے اپ۔۔۔۔۔۔

cool down cool down

گڑیا ٹھیک ہے بس سر درد ہے تم کھانا کھاو میں تمھیں چھوڑ اتا ہو نہیں بھائی مجھے نہیں کھانا بیٹا اپ پہلے کھانا کھاو پھیر تمھیں دانیال چھوڑ ائے گا اب کی بار فردوس بولی وجاہت شاہ کو ماہی کا یو ارتضا کے لئے فکر کرنا بہت اچھا لگا

دانیال کھانا کھا کر ماہی کو چھوڑنے چلا گیا ماہی جب گھر پہنچی تو سعدیہ اور رضوان لاوئنج میں ہی بیٹھے تھے اس نے دونوں سے سلام لیا مما ارتضا کیسے ہے اب ٹھیک ہے بیٹا وہ ارام کر رہا ہے السلام و علیکم تائی جان تایا جان دانیال نے بھی دونوں سے سلام لیا

ماہی اپنے کمرے کی طر فلگ چلی گئ

چلے اب مجھے بھی اجازت دے میں بھی گھر جاو ارے بیٹا بیٹھو تو میں تمھارے لئے چائے لاتی ہو نہیں نہیں تائی جان چائے میں پی کر ایا ہو بس اب اجازت دے ٹھیک ہے بیٹا اپ جا کر ارام کر واو کے جی اللہ حافظ

ماہی روم میں ائی روم کی لائٹ جل رہی تھی ارتضا بیڈ پر انکھیں بند کر کے لیٹا تھا کمرے میں اہٹ کی وجہ سے اس نے انکھیں کھولی تو ماہی سامنے کھڑی تھی اپ کی طبیعت کسی ہے ارتضا

تم سے مطلب تم جاؤ یہاں سے ارتضا کے اس طرح بات کرنے پر ماہی کی انکھوں میں نمی اگئ ارتضا اپ مجھ سے ایسے بات کیوں کرتے ہے

پلیز مجھے معاف کر دے مجھ سے اپ کا یہ رویہ برداشت نہیں ہوتا ماہی نے اگے اکر ارتضا کا ہاتھ پکڑ لیا پلیز ارتضا مجھے معاف کر دے

ماہی میں تمھیں دکھ نہیں دینا چاہتا لیکن تم کام ایسے کرتی ہو

پلیز ارتضا بس لاسٹ اگے اپکو شکایت کا موقع نہیں دو گی

سوچ لو ارتضا تھوڑا شوخ ہوا میں کچھ بھی مطلبہ کر سکتا ہو ماہی شرم سے لال ہو گئی اور نظریں جھکا لی ماہی ہم میاں بیوی ہے ہم میں کس چیز کا پردہ اور شرم اس بات کا حکم تو ہمیں شریعت بھی دیتی ہے ارتضا نے منہل کو سینے سے لگا لیا سر پر بوسہ دیا

ارتضا اب اپ مجھ سے ناراض تو نہیں۔۔۔

نہیں میں تم سے ناراض نہیں ہو اپ کی طبیعت کسی ہے بس یار سر میں درد ہے تم اگئی ہو نا ٹھیک ہو جائے گا

میں اپ کا سر

دبا دوں

جی ضرور

ارتضا ماہی کی گود میں سر رکھ کر لیٹ گیا ماہی اپنے نازک ہاتھوں سے اس کا سر دبانے لگی

ارتضا جلدی ہی نیند کی وادیوں میں چلا گیا دوائی کا اثر تھا جلدی سو گیا ماہی اس کا سر گود سے اٹھا کر تکیے پر رکھا اور خود بھی اس کے ساتھ لیٹ گئی

*****

دانیال جب روم میں ایا تو مریم سونے کی تیاری میں تھی وہ دروازہ لوک کرتا ہوا مریم کے پاس ایا مریم

ایک بات پوچھو تم سے

جی پوچھے

مریم کیا میں تمھیں پسند نہیں

اپ ایسا کیوں پوچھ رہے ہے

بس ایسے ہی بتاو تو

میں تو کبھی ایسا نہیں کہا کہ اپ مجھے پسند نہیں

تو کبھی یہ بھی نہیں کہا نا کہ میں تمھیں پسند ہو

کسی باتیں کر رہے ہے اج اپ دانیال

ویسی ہی جیسی ایک شوہر کو اپنی بیوی سے کرنی چاہیے

مریم نے شرم سے نظریں جھکالی دانیال مریم کا ہاتھ پکڑ تا الماری کے پاس لایا ایک منٹ الماری سے کچھ ڈھونڈنے لگا اور ایک ڈبی باہر نکالی

دانیال گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا ڈبی سے ایک خوبصورت رنگ نکالی اور مریم کی طرف کی میں تم سے بہت پیار کرتا ہوا اب سے نہیں پتہ نہیں کب سے کرتا ہو کیا تم میری ہمسفر بنو گی

رنگ مریم کی طرف ہی تھی مریم نے کچھ سوچتے ہو دانیال کے ہاتھ میں رنگ پہن کر جواب ہاں میں دے دیا دانیال میں بھی اپ سے بہت محبت کرتی ہو بس کہنے سے ڈرتی تھی دانیال نے اگے بڑھ کر مریم کو گلے لگالیا مریم بھی اس کی بانہوں میں سکون محسوس کر رہی تھی

دانیال اس کو گود میں اٹھا کر بیڈ کی طرف لے ایا اس کا دوپٹہ اتار کے سائیڈ پر رکھ دیا اور اس کے ہونٹوں پر اپنے ہونٹ رکھ دیے کندھے سے شرٹ کو سرکا کر نیچے کر کے دیوانہ وار اس پر اپنی محبت نچور کرنے لگا مریم کو اب دانیال کو روکنا مشکل ہو گیا تھا اس نے اپنا اپ دانیال کو سونپ دیا دانیال نے اس سے اج بیوی ہونے کا حق وصول کیا

ماہی جب صبح اٹھی تو وہ ارتضا مضبوط حصار میں تھی ابھی وہ نکل ہی رہی تھی کہ ارتضا کی انکھ کھل گئی کہاں جا رہی ہو

کہی نہیں اٹھ جائے اپ کو افس نہیں جانا

اتنی پیاری بیوی کو چھوڑ کر کون افس جاتا ہے

ارتضا پلیز اٹھے ناماہی کی بات منہ میں ہی رہ گئی ارتضانے اس پر جھک کر اس کی بولتی بند کروادی ماہی شرم سے لال ہو چکی تھی

ارتضاماہی کو چھوڑا تو ماہی جلدی سے اٹھ گئی اس کی اس حرکت پر ارتضا مسکرانے لگا اب تم روز صبح مجھے ایسے ہی جگاو گی اگر نہیں جگایا تو سزا ملے گی

اچھا تمھیں ایک بات بتانا بھول گیا شام کو ریڈی رہنا احمد کی طرف ڈنر ہے ارتضا اتنا کہتا ہوا شروم چلا گیا

صبح مریم دانیال سے پہلے ہی اٹھ گئی رات کی باتوں کو سوچ کر شرم سے لال ہوتی جارہی تھی مریم جلدی سے اٹھی اور اپنے کپڑے لے کر فریش ہونے چلی گئی

